#BankofKhyber

# NOTICE OF EXTRA ORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extra Ordinary General Meeting of the Shareholders of The Bank of Khyber will be held on Friday, May 31, 2024, at 11:00 a.m. at the Bank of Khyber Head Office BoK Tower, 24 – The Mall, Peshawar, to transact the following business:

## Ordinary Business

1. To confirm the Minutes of the 33rd Annual General Meeting held on March 29, 2024.
2. To Elect three Directors out of nine Directors as already fixed under Section 11 of the Bank of Khyber Act, 1991 (amended 2022) for a period of three years commencing from June 01, 2024. The names of the retiring Directors are as under:
   1. Mr. Asad Ali Shah
   2. Mr. Tahir Jawaid
   3. Mr. Muhammed Shahid Sadiq

## Special Business

3. To consider and Approve Establishment of Exchange Company
4. Any other business with the permission of the Chair.

Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017 relating to said Special Business is given hereunder.

By Order of the Board

**Sara Shah**
Company Secretary

Peshawar: May 10, 2024

## NOTES:

(i) Share Transfer Books of the Bank will remain closed from Friday May 24, 2024 to Friday, May 31, 2024 (both days inclusive) . Transfer received at the Share Registrar of the Bank, by the close of business on May 23, 2024 will be treated in time.

### (ii) For Appointing Proxies:

a. All members are entitled to attend and vote at the meeting.
b. A member entitled to attend and vote at the meeting, entitled to appoint another member as a proxy to attend, speak and vote for him/her. The proxy appointed should be a member of the Bank of Khyber.
c. The instrument of proxy applicable for the meeting is being provided with the notice sent to the members. Further copies of the instrument of proxy, if required, may be obtained from the Registered Office of the Bank during normal office hours.
d. The instrument of proxy and a Power of Attorney or other authority (if any) under which it is signed, or notarized copy of such Power of Attorney must be valid and deposited at the Registered Office of the Bank not less than 48 hours before the time of the meeting.
e. Beneficial owners of the shares registered in the name of Central Depository Company of Pakistan (CDC) and/or their proxies are required to produce their original Computerized National Identity Card (CNIC) or passport for identification purpose at the time of attending the meeting. The form of the proxy must be submitted with the Bank within the stipulated time, duly witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers must be mentioned on the form, along with attested copies of the CNIC or the Passport of the beneficial owner and the proxy.
f. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form of the Bank.
g. The proxy shall produce his / her original CNIC or passport for identification purposes at the time of attending the meeting.
h. Members are requested to immediately communicate changes in their registered addresses, if any, to the Bank's Shares Registrar before start of the book closure period.
i. Form of Proxy, if required, should be signed on Rs.10/- Revenue Stamp.

### (iii) Video Conference Facility for Attending General Meetings

The Extra Ordinary General Meeting is being conducted as per guidelines circulated by SECP following arrangements have also been made by the Bank to facilitate the maximum participation of the shareholders in the EOGM through video link facility, either in-person or through appointed proxies.

If the Bank receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 07 days prior to the date of the meeting, the Bank will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility a written request to be submitted to the registered address of the Bank at least 07 days prior to holding of the Extra Ordinary General Meeting. Further, the shareholders interested to participate through video link are requested to please provide below information at Email: sara.shah@bok.com.pk at the earliest but not later than close of business on May 24, 2024.

| Full name of shareholder/ proxy holder | Company | CNIC Number | Folio/CDC/ Account Number | Email ID | Mobile Number |
|---|---|---|---|---|---|
| | BOK | | | | |

a) Please note that video link and login credentials will be shared with only those members / designated proxies whose e-mail and other required information are received in required time as mentioned above.
b) Login facility will be opened thirty (30) minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after the identification process. Shareholders will be able to login and participate in the meeting proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders.

### (iv) Postal Ballot/E-voting

In accordance with the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, Section 143 and 144 of the Companies Act 2017, and under Postal Ballot Regulation, 2018 latest amendments circulated through SRO dated December 05, 2022, SECP has directed all listed companies for the purpose of Polling on Special Business / Election of Directors, if the number of persons who offer themselves to be elected is more than the number of directors fixed under Section 159 (1) of the Companies Act, 2017, shareholders will be allowed to exercise their right to vote through postal ballot i.e. by post or e-voting, in the manner and subject to the conditions contained in the aforesaid regulations. Detail will be circulated in due course.

### (v) Unclaimed / Unpaid Dividends and Share Certificates

Shareholders are once again requested that who have not yet received / collected their previous dividends / physical shares to contact our Share Registrar for the needful.

### (vi) Deposit / Conversion of Physical Shares into Book Entry Form

In accordance with Sub Section 2 of Section 72 of the Companies Act, 2017, Companies are required "to replace its physical shares with book entry form" in the manner specified by the Commission.

To enable compliance with the requirement, we request the shareholders to kindly convert shares held in Physical Form into Book Entry Form as soon as possible. The shareholders may contact a Broker, a PSX Member, CDC Participant or CDC Investor Account Service to obtain assistance for opening a CDS Account and subsequent induction of the physical shares into Book Entry Form.

For further information or clarification, please feel free to contact THK Associates (Pvt) Ltd. on Tel # 021-35310191-6 or email at **sfc@thk.com.pk**

### (vii) Procedure for Election of Directors

a) Any person seeking to contest the election, whether retiring Director otherwise, must file with the Company Secretary his/her intension to offer himself/herself for election as a Director not later than 14 days before the date of the meeting. Such consent should include a declaration that they are aware of their duties and powers under the relevant law(s) and the Bank of Khyber Act 1991 (amended 2022)
b) No person shall be qualified to serve as a Director unless he is a holder in his own right of unencumbered shares of the Bank equal to the normal amount of hundred thousand rupees at the least.
c) Any member desirous to contest the election of Directors shall file the following with Company Secretary, Bank of Khyber 24 Mall Road , Peshawar, not later than 14 days before the day of the EOGM:
   i. Notice of his/her intention to offer him/herself for the election to the office of director in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017 (the Act).
   ii. Consent to act as director of the Bank along with consent on Form 28 prescribed under the Act.
   iii. Detail profile along with office address as required under SECP's SRO 1196 (I) 2019 dated October 3, 2019.
   iv. Declaration under Regulation 3 of the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and Section 155 of the Act.
   v. Declaration that he/she is not ineligible to become a director of the Bank in terms of Section 153 and 177 of the Act. Neither he/she nor his/her spouse is engaged in the business of brokerage or is a sponsor, director or officer of a corporate brokerage house.
   vi. Fit and Proper Test Proforma, Affidavit, Declarations, and Questionnaire as provided in "Corporate Governance Regulatory Framework" issued by State Bank of Pakistan (SBP) vide BPRD Circular No. 5 dated November 22, 2021.
   vii. Manner and selection of independent director shall be as per requirements of Section 166 of the Act. Furthermore, a declaration of Independence in terms of Section 166(2) of the Act will be required under clause 6(3) of Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and SBP's Corporate Governance Regulatory Framework, 2021.

   In terms of the criteria prescribed by SBP, a person shall not be eligible to become a Director of a Bank, if the person:
   i. is disqualified/ineligible under Banking Companies Ordinance 1962, Companies Act 2017, and other applicable laws, rules and regulations.
   ii. is in default of payment of dues owed to any financial institution in personal capacity.
   iii. is associated as executive director/sponsor director/nominee of the sponsor and/or President & CEO of a proprietary concern, partnership firm, or corporate body excluding public sector organization, which is in default of dues owed to any financial institution.
   iv. has contravened any of the requirements and standards of SBP or equivalent standards/requirements of other local or foreign regulatory authorities, professional bodies, or government bodies/agencies of such a nature that makes such person's association with the bank/DFI undesirable.
   v. is a designated person/proscribed person or is associated directly or indirectly with any designated person/proscribed person is convicted of or is associated directly or indirectly with any person convicted of any serious offence, including any Money Laundering/ Terrorism Financing offence or any predicate offence set out in Schedule I of the Anti-Money Laundering Act, 2010.
   vi. It should also be noted that under SBP directives, a person is not permitted to be a Director of more than one financial institution, and the Directors will not assume the charge of their respective offices until their appointments are approved in writing by SBP.

## Statement of Material Facts under Section 134 (3) of the Companies Act, 2017

This statement sets out the material facts concerning the Special Business at item No.3 of the notice to be transacted at the Extra Ordinary General Meeting of the Bank to be held on May 31, 2024.

### Item No. 3
### To consider and Approve Establishment of Exchange Company

The State Bank of Pakistan (SBP) introduced recent reforms in the Exchange Companies sector. These reforms were initiated in response to the frequent regulatory issues and weaknesses observed within the sector, specifically in the operations of ECs-B (Exchange Companies of 'B' Category) and franchises of Exchange Companies.

The Board discussed the matter in its 183rd meeting held on November 3, 2023 adopted the following resolutions, reproduced below for information and approval of the Shareholders:

**"RESOLVED that the Bank shall proceed with the incorporation of the Currency Exchange Company in accordance with the Companies Act, 2017 and the guidelines provided by the State Bank of Pakistan.**

**FURTHER RESOLVED that the name of the Currency Exchange Company shall be BOK Currency Exchange (Pvt) Limited.**

**FURTHER RESOLVED that the paid-up capital of the BOK Currency Exchange (Pvt) Limited shall be PKR 500 Million and authorized capital shall be PKR 1 Billion.**

**FURTHER RESOLVED that the BOK Currency Exchange (Pvt) Limited shall be established as a wholly-owned subsidiary of the Bank of Khyber.**

**FURTHER RESOLVED that the Managing Director, CFO, Mr. Irfan Saleem Awan and the Company Secretary, Ms. Sara Shah, are authorized to take all necessary steps to initiate the incorporation process, engage with the SECP and SBP, and ensure compliance with all regulatory requirements."**

BOK #BankofKhyber

# نوٹس برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بینک آف خیبر کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز جمعہ مورخہ 31 مئی 2024 دن 11:00 بجے بینک آف خیبر، ہیڈ آفس، بی او کے ٹاور، 24۔دی مال، پشاور میں منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کاروباری امور طے کیے جائیں گے:

## معمول کی کاروائی

1 29 مارچ 2024 کو منعقدہ 33ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق۔

2 بینک آف خیبرا یکٹ، 1991 (ترمیمی 2022) کی سیکشن 11 کے تحت پہلے سے طے شدہ نو ڈائریکٹرز میں سے تین ڈائریکٹرز کا انتخاب یکم جون 2024 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے کرنا۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام حسب ذیل ہیں۔

1 جناب اسد علی شاہ

2 جناب طاہر جاوید

3 جناب محمد شاہد صادق

## خصوصی کاروائی

3 ایکسچینج کمپنی کے قیام پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

4 چیئر مین کی منظوری سے کوئی اور امور غور وخوض کیلئے پیش کیے جاسکتے ہیں۔

خصوصی کاروائی سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کی وضاحت درج ذیل ہے۔

بحکم بورڈ

سارہ شاہ

کمپنی سیکریٹری

پشاور: 10 مئی 2024

## نکات

(i) بینک کی شیئر ٹرانسفر بکس 24 مئی 2024 بروز جمعہ سے 31 مئی 2024 بروز جمعہ تک (دونوں دن شامل ہیں) بندر ہیں گی۔ بینک کے شیئر رجسٹرار کو مورخہ 23 مئی 2024 کو دفتری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو بروقت تصور کیا جائیگا۔

### (ii) پراکسیز کی تقرری کیلئے:

(الف) اجلاس میں حاضری اور ووٹ دینے کیلئے تمام ممبرز اہل ہیں۔

(ب) اجلاس میں حاضری اور ووٹ کا اہل ممبر اپنی بجائے اجلاس میں حاضری، ووٹ اور بولنے کیلئے کسی اور ممبر کو پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ مقرر کردہ پراکسی کیلئے بینک آف خیبر کا ممبر ہونا بھی لازمی ہے۔

(پ) اجلاس کیلئے پراکسی مقرر کرنے کی دستاویزات نوٹس کے ہمراہ ممبران کو ارسال کی جارہی ہیں۔ ضرورت پڑنے پر اس کی مزید کا پیاں معمول کے دفتری اوقات میں بینک کے رجسٹرڈ آفس میں دستیاب ہوں گی۔

(ت) پراکسی کی دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویزات جس کے تحت دستخط کیے گئے یا نوٹری پبلک کے دستخط والی پاور آف اٹارنی اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس میں جمع ہونا لازمی ہے۔

(ث) سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کے نام سے رجسٹرڈ شیئرز کے بینیفشل اونرز اور/ یا ان کے پراکسیز کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ فراہم کرنا لازمی ہے۔ پراکسی فارم کو مقررہ وقت تک بینک میں جمع کروانا ضروری ہے، جس کی دو افراد، جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں، کی طرف سے گواہی دی گئی ہو، اس کے ہمراہ بینیفشل اونرز اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول بھی جمع کروانا ضروری ہے۔

(ج) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی (اگر پہلے جمع نہ کروایا گیا ہو) کو بینک کے پراکسی فارم کے ساتھ نمونہ دستخط کے ہمراہ جمع کروانا لازمی ہے۔

(چ) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(ح) ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں تبدیلی سے متعلق ہمارے شیئر رجسٹرار کو بک کی بندش کے دورانیہ کے آغاز سے پہلے مطلع کریں۔

(خ) اگر ضرورت ہو تو پراکسی فارم 10 روپے کے ریونیو سٹیمپ پر دستخط کریں۔

### (iii) غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت کے لیے ویڈیو کانفرنس کی سہولت

غیر معمولی اجلاس عام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق منعقد کیا جارہا ہے۔ بینک نے زیادہ سے زیادہ شیئر ہولڈرز کی باآسانی شرکت یقینی بنانے کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کی ہے، چاہے وہ خود شرکت کریں یا اپنے نامزد پراکسیز کے ذریعے۔

اگر بینک کو اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل کسی مخصوص جغرافیائی مقام پر رہائش پذیر ممبران سے مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئر ہولڈنگ کی حامل رضامندی موصول ہوتی ہے، تو بینک اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرے گا، بشرطیکہ اس شہر میں یہ سہولت دستیاب ہو۔ اس سہولت سے مستفید ہونے کے لیے بینک کے رجسٹرڈ پتہ پر غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم 7 دن قبل ایک تحریری درخواست جمع کروانا لازمی ہے۔ علاوہ ازیں جو شیئر ہولڈرز ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ ذیل میں دی گئی معلومات ای میل: sara.shah@bok.com.pk پر 24 مئی، 2024 کو اوقات کار کے اختتام سے قبل جلد از جلد فراہم کریں۔

| شیئر ہولڈر/ پراکسی ہولڈر کا مکمل نام | کمپنی | قومی شناختی کارڈ نمبر | فولیو/سی ڈی سی/ اکاؤنٹ نمبر | ای میل آئی ڈی | موبائل نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| | BOK | | | | |

(الف) براہ کرم نوٹ کریں کہ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی معلومات صرف ان ممبران/ نامزد پراکسیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میل اور دیگر ضروری معلومات مذکورہ بالا مدت کے اندر موصول ہوجائیں۔

(ب) اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ پہلے لاگ اِن کی سہولت دستیاب ہوجائے گی تاکہ شرکاء شناختی عمل کے بعد اجلاس میں شامل ہوسکیں۔ شیئر ہولڈرز شناخت اور ممبران کی توثیق کے لیے ضروری تمام کارروائیوں کو مکمل کرنے کے بعد اپنی ڈیوائسز کے ذریعے لاگ اِن ہوکر اجلاس کی کارروائی میں شرکت کرسکیں گے۔

### (iv) پوسٹل بیلٹ /ای-ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018، کمپنیز ایکٹ 2017 کی سیکشن 143 اور 144 اور پوسٹل بیلٹ ریگولیشن، 2018 میں 05 دسمبر 2022 کی جاری کردہ بذریعہ ایس آر او تازہ ترین ترامیم کے مطابق، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ خصوصی کاروبار/ ڈائریکٹرز کے انتخاب پر رائے شماری کے مقصد کے لیے اگر انتخاب کی پیشکش کے خواہشمند افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (1) 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد ہونے کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو پوسٹل بیلٹ یعنی ڈاک یا ای ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹنگ کے حق کا استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، جو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں شامل طریقہ کار اور شرائط سے مشروط ہے۔ اس سلسلے میں تفصیلات بروقت جاری کردی جائیں گی۔

### (v) غیر دعویٰ شدہ/ غیر اداشدہ ڈیویڈنڈز اور شیئرز سرٹیفکیٹس

ایسے شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سابقہ ڈیویڈنڈ/ فزیکل شیئرز وصول نہیں کیے، ان سے ایک بار پھر التماس کی جاتی ہے کہ وہ تفصیلات کیلئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے رجوع کریں۔

### (vi) فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں ڈپازٹ/تبدیلی

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 72 کی ذیلی شق 2 کے مطابق، کمپنیوں کو کمیشن کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق "اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی" کرنا ہوگی۔

شرائط وضوابط کی بجا آوری کیلئے ہم شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ برائے مہربانی فزیکل فارم میں رکھے گئے شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ CDS اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازیں فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیلی کیلئے معاونت حاصل کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز کسی بروکر، PSX ممبر، CDC پارٹنر یا CDC انویسٹرا کاؤنٹ سروس سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

مزید معلومات یا وضاحت کے لیے براہ کرم میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر 6-021-35310191 یا ای میل sfc@thk.com.pk پر رابطہ کریں۔

### (vii) ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریقہ کار

(الف) کوئی بھی شخص خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، جو انتخابات میں حصہ لینے کا خواہاں ہے، کیلئے کمپنی سیکرٹری کے پاس اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل بطور ڈائریکٹر انتخاب میں اپنی رضامندی جمع کرانا لازمی ہے۔ اس رضامندی میں یہ اقرار نامہ بھی شامل ہو کہ وہ متعلقہ قوانین اور بینک آف خیبرا یکٹ 1991 (ترمیمی 2022) کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے مکمل طور پر آگاہ ہیں۔

(ب) کوئی بھی شخص بطور ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کے لیے اہل نہیں ہوگا جب تک کہ وہ کم از کم ایک لاکھ روپے کی عمومی رقم کے مساوی بینک کے غیر مشروط شیئرز کا مالک نہ ہو۔

(ج) کوئی بھی ممبر جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہے، کمپنی سیکرٹری، بینک آف خیبر، 24 مال روڈ، پشاور کو غیر معمولی اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم 14 دن قبل مندرجہ ذیل کوائف جمع کرائے گا:

(i) کمپنیز ایکٹ 2017 (ایکٹ) کی دفعہ (3) 159 کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹر کے عہدے پر خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

(ii) ایکٹ کے تحت مجوزہ فارم 28 پر رضامندی کے ہمراہ بینک کے ڈائریکٹر کے طور اپنی ذمہ داری سرانجام دینے کی رضامندی۔

(iii) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2019 (I) 1196 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت دفتری پتے کے ہمراہ تفصیلی پروفائل فراہم کرنا لازمی ہے۔

(iv) لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 اور ایکٹ کی سیکشن 155 کے ریگولیشن 3 کے تحت اقرار نامہ۔

(v) اس امر کیلئے اقرار نامہ کہ وہ ایکٹ کی سیکشن 153 اور 177 کی شرائط کے تحت بینک کا ڈائریکٹر بننے کا نااہل نہیں ہے۔ نہ وہ اور نہ ہی اس کی/ کا زوجہ/ شوہر بروکریج کے کاروبار سے وابستہ ہے اور نہ ہی وہ کسی کارپوریٹ بروکریج ہاؤس کا/ کی سپانسر، ڈائریکٹر یا افسر ہے۔

(vi) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ "کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک" مجریہ بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 5 مورخہ 22 نومبر 2021 میں فراہم کردہ فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ پروفارما، بیان حلفی، اقرار نامہ اور سوالنامہ۔

(vii) آزاد ڈائریکٹر کے انتخاب کا عمل اور طریقہ کار ایکٹ کی سیکشن 166 کی شرائط کے مطابق ہوگا۔ علاوہ ازیں لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3) 6 اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے کارپوریٹ گورننس ریگولیٹری فریم ورک 2021 کے تحت ایکٹ کی سیکشن (2) 166 کے مطابق آزاد حیثیت کا اعلان لازماً درکار ہوگا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مجوزہ معیار کے مطابق کوئی شخص بینک کا ڈائریکٹر بننے کا اہل نہیں ہوگا، اگر وہ:

(i) بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962، کمپنیز ایکٹ 2017 اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین، قواعد اور ضوابط کے تحت نا اہل/ غیر اہل ہے۔

(ii) ذاتی حیثیت میں کسی مالیاتی ادارے کے واجبات کا نادہندہ ہو۔

(iii) ایگزیکٹو ڈائریکٹر/ سپانسر ڈائریکٹر/ سپانسر کے نامزد اور/ یا کسی سرکاری ادارے کے علاوہ کسی ملکیتی ادارے، شراکت داری فرم، یا کارپوریٹ ادارے کے صدر اور سی ای او کے طور پر وابستہ ہو، جو کسی مالیاتی ادارے کے واجبات کا نادہندہ ہو۔

(iv) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی کسی بھی شرط اور معیار یا دیگر مقامی یا غیر ملکی ریگولیٹری اتھارٹیز، پروفیشنل باڈیز، یا سرکاری اداروں/ ایجنسیوں کے معیارات/ شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرے جس کی وجہ سے بینک / DFI کے ساتھ اس شخص کے تعلقات خراب ہوجائیں۔

(v) نامزد شخص/ کالعدم شخص ہے یا براہ راست یا بالواسطہ کسی بھی نامزد شخص/ کالعدم شخص کے ساتھ وابستہ ہے، کسی بھی سنگین جرم، بشمول منی لانڈرنگ/ دہشت گردی کی مالی اعانت کے جرم یا انسدادِ منی لانڈرنگ ایکٹ، 2010 کے شیڈول I میں درج کسی بھی جرم سے سزا یافتہ ہے یا کسی سزا یافتہ شخص کے ساتھ براہ راست یا بالواسطہ طور پر وابستہ ہے۔

(vi) یہ بھی نوٹ کرنا چاہیے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے تحت، کسی شخص کو ایک سے زائد مالیاتی اداروں کا ڈائریکٹر بننے کی اجازت نہیں ہے، اور ڈائریکٹرز اپنے عہدوں کا چارج اس وقت تک نہیں لے سکتے جب تک کہ ان کی تقرریوں کی منظوری اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے تحریری طور پر نہ ہوجائے۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت وضاحت

یہ وضاحت نوٹس کی خصوصی کاروائی کے آئٹم نمبر 3 سے متعلق مادی حقائق جو کہ 31 مئی 2024 کو منعقدہ بینک کے غیر معمولی اجلاس عام میں جاری کیے جائیں گے، سے متعلق ہے۔

### آئٹم نمبر 3

### ایکسچینج کمپنی کے قیام پر غور وخوض اور منظوری دینا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے حال ہی میں ایکسچینج کمپنیوں کے شعبے میں اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔ یہ اصلاحات شعبے بالخصوص ECs-B (ایکسچینج کمپنیوں کی 'بی' کیٹگری) اور ایکسچینج کمپنیوں کی فرنچائزز کے آپریشنز میں بار بار دیکھے گئے ریگولیٹری مسائل اور کمزوریوں سے نمٹنے کیلئے کی گئیں ہیں۔

بورڈ نے 3 نومبر 2023 کو منعقدہ اپنے 183ویں اجلاس میں اس معاملے پر تبادلہ خیال کیا اور درج ذیل قراردادوں کو اپنایا، جو کہ شیئر ہولڈرز کی معلومات اور منظوری کے لیے ذیل میں دوبارہ پیش کی گئی ہیں:

"قرار پایا کہ بینک کمپنیز ایکٹ 2017 اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے فراہم کردہ ہدایات کے مطابق کرنسی ایکسچینج کمپنی کی شمولیت کے عمل کو آگے بڑھائے گا۔

مزید قرار پایا کہ کرنسی ایکسچینج کمپنی کا نام بی او کے کرنسی ایکسچینج (پرائیویٹ) لمیٹڈ ہوگا۔

مزید قرار پایا کہ بی او کے کرنسی ایکسچینج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا پیڈ اپ کیپٹل 50 کروڑ روپے اور اتھارائزڈ کیپٹل 1 ارب روپے ہوگا۔

مزید قرار پایا کہ بی او کے کرنسی ایکسچینج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بینک آف خیبر کی مکمل ملکیتی والی ذیلی کمپنی کے طور پر قائم کیا جائے گا۔

مزید قرار پایا کہ مینجنگ ڈائریکٹر، سی ایف او، جناب عرفان سلیم اعوان اور کمپنی سکریٹری، محترمہ سارہ شاہ کو شمولیت کے عمل کے آغاز سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ بات چیت کرنے اور تمام ریگولیٹری تقاضوں کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کا اختیار حاصل ہے"

# Form of Proxy

Folio No.________________CDC Participant Identity Card No. ________________________________________________________CDC A/C No.____________________________________________________________________________________________________________

I/We _________________________________________ of _______________________________________

a member/ members of The Bank of Khyber, and holder of ____________________________________________shares do hereby appoint-_____________________________________of ____________________________________________or failing him / her __________________________________________of __________________________________________________who is also a member of the company, vide Registered Folio No. ____________________________________________as my/ our proxy to attend, speak and vote for me /us and on my/our behalf at the Extraordinary General Meeting of the Bank to be held on Friday, May 31, 2024 at 11:00 a.m at The Bank of Khyber, Head Office, BOK Tower, 24-The Mall, Peshawar Cantt.

As witness my/our hand this __________________day of ______________________________2024.

**Dated**

**Place:**

**Witness 1:** ______________________________

______________________________

**Witness 2:** ______________________________

______________________________

Signature
Ten-Rupees
Revenue Stamp

______________________________

The Signature should agree with the Specimen registered with the Bank

**Notes**

**A. General**

1. A member entitled to attend and vote at a General Meeting is entitled to appoint a proxy to attend and vote instead him/her. No person shall act as a proxy, who is not a member of the bank except that Government of Pakistan /Provincial Government/State Bank of Pakistan/ Corporation may appoint a person who is not a member.
2. The instrument appointing a proxy should be signed by the member of his/ her attorney duly authorized in writing. If the member is a corporation (other than Government of Pakistan and State Bank of Pakistan), its common seal should be affixed on the instrument.
3. The instrument appointing a proxy, together with the Power of Attorney, if any, under which it is signed or a nationally certified copy thereof, should be deposited, with our Registrar/Transfer Agents, Messrs. THK Associates (Pvt) Ltd. Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase-VII, Karachi-75500 Pakistan, not less than 48 hours before the time of holding meeting.
4. If a member appoints more than one proxy, and more than one instrument of proxy are deposited by a member with the Bank, all such instruments of proxy shall be rendered invalid.

**B. For CDC Account Holders**

1. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC number shall be mentioned on the form.
2. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and proxy shall be furnished with the proxy form.
3. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the meeting.
4. In case of Government of Pakistan /Provincial Government / State Bank of Pakistan/Corporate entry, the Board of Director's resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy to the Bank.

# پراکسی فارم

فولیونمبر________________ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر________________________________________________
ذیلی اکاؤنٹ نمبر____________________________________________________________________________

میں/ہم ________________________________ ساکن ________________________________
بحثیت بینک آف خیبر کے ممبر ____________________ عدد عام حصص ________________________________
محترم/محترمہ ________________________________ ساکن ________________________________
جو کہ بینک کا ممبر ہے فولیونمبر ________________ کو اپنی/اپنے ایما پر بطور مختار (پراکسی) مقرر کرتا/کرتی/کرتے ہیں/تاکہ میری/ہماری جگہ میری/ہماری طرف سے بینک کے غیر معمولی اجلاس عام (EOGM) میں جو بروز جمعہ مورخہ 31 مئی 2024 کو دن 11:00 بجے بمقام بینک آف خیبر ہیڈ آفس، بی او کے ٹاور، 24-دی مال پشاور مختار (پراکسی) شرکت کرے، بولے اور حق رائے دہی استعمال کرے۔

آج بروز______________ بتاریخ______________ 2024 کو بطور گواہ دستخط کیے

تاریخ:

بمقام:

گواہ نمبر۱:________________________________

گواہ نمبر۲:________________________________

| دس روپے کا ریونیو سٹیمپ |
|---|

________________________________
دستخط بینک میں رجسٹرڈ نمونے سے مطابقت رکھنے چاہئیں

نوٹ:

عمومی:

1۔ جنرل میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار رکن اس کے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کرنے کا حقدار ہے۔ اس کا اس کی کوئی بھی شخص پراکسی کے طور پر کام نہیں کرے گا، جو بینک کا ممبر نہ ہو سوائے اس حکومت پاکستان کے/صوبائی حکومت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کارپوریشن ایسے شخص کو مقرر کر سکتی ہے جو ممبر نہیں ہے۔

2۔ پراکسی کا تقرر کرنے والے آلے پر اس کے وکیل کے ممبر کے دستخط ہونے چاہئیں جو کہ تحریری طور پر مجاز ہو۔ اگر ممبر ایک کارپوریشن ہے حکومت پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے علاوہ، اس کی مشترکہ مہر پراکسی فارم پر چسپاں ہونا چاہئے۔

3۔ پراکسی کا تقرر کرنے والا فارم، پاور آف اٹارنی کے ساتھ، اگر اگر کوئی ہو، جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہیں یا قومی سطح پر اس کی تصدیق شدہ کاپی، ہمارے رجسٹرار/ٹرانسفر ایجنٹس، میسرز کے پاس جمع کرائی جانی چاہیے۔ THK Associates (Pvt) Ltd پلاٹ نمبر 32-سی، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی-75500 پاکستان، کم از کم 48 گھنٹے پہلے اجلاس منعقد کرنے کا وقت۔

4۔ اگر ایک رکن ایک سے زیادہ پراکسی کا تقرر کرتا ہے، اور پراکسی کے ایک سے زیادہ فارم ایک ممبر کے ذریعے جمع کیے جاتے ہیں بینک، پراکسی کے ایسے تمام فارمز کو غلط قرار دے دیا جائے گا۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے:

1۔ پراکسی فارم پر دو افراد گواہی دیں گے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبر فارم پر درج کیا جائے گا۔

2۔ پراکسی فارم کے ساتھ CNIC یا بینیفشل مالکان اور پراکسی کے اسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پیش کی جائیں گی۔

3۔ پراکسی میٹنگ کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

4۔ حکومت پاکستان صوبائی حکومت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کارپوریٹ داخلے کی صورت میں، بورڈ ڈائریکٹر کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی کا نمونہ دستخط کے ساتھ پراکسی فارم کے ساتھ بینک کو جمع کرایا جائے گا۔